12 نومبر 2020ء

پریس ریلیز: ترسیلات زر

- کارکنوں کی ترسیلات زر اکتوبر 2020ء میں مسلسل پانچویں مہینے 2 ارب ڈالر سے زائد رہیں۔
- کارکنوں کی ترسیلات زر اکتوبر 2020ء میں بڑھ کر 2.3 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو اکتوبر 2019ء کے مقابلے میں 14.1 فیصد زیادہ ہے۔
- مالی سال 21ء کے جولائی تا اکتوبر عرصے میں ترسیلات زر بڑھ کر 9.4 ارب ڈالر ہو گئیں جس سے گذشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں 26.5 فیصد نمو ظاہر ہوتی ہے۔
- اکتوبر 2020ء میں سال بسال نمو کا بڑا حصہ سعودی عرب (30 فیصد)، امریکہ (16 فیصد) اور برطانیہ (14.6 فیصد) سے آیا۔
- پاکستان کی زرمبادلہ مارکیٹ کے ڈھانچے اور اس کی حرکیات میں بہتری نیز زر قوم کی آمد کو باضابطہ بنانے میں پاکستان ریمی ٹینس انی شیٹو (PRI) کے تحت کوششوں اور محدود سرحد پار سفر نے ترسیلات زر میں اضافے میں اپنا کردار ادا کیا۔

****